( *Translation* )

# THE HONORARY MIR MOHALLAS ACT.

No. VIII of 1319 F.

*Sections.*


1. Short title, commencement and local extent.
2. Definition of Municipal Committee.
3. Municipal limits to be divided into wards.
4. Honorary Mir Mohallas to be elected.
5. Mode of election of Honorary Mir Mohallas and their appointments.
6. Vacancy in the office of Honorary Mir Mohalla.

6-A. Procedure in case of vacancy in office of Honorary Mir Mohalla.

7. Persons who cannot vote.
8. Register of persons qualified to vote.
9. Duties of Honorary Mir Mohallas.


# قانون میر محلگان اعزازی

نشان ۸ سنہ ۱۳۱۹ ف

دفعہ


۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲ تعریف مجلس صفائی۔

۳ حدود صفائی کی حلقوں میں تقسیم۔

۴ میر محلگان اعزازی منتخب کئے جائیں گے۔

۵ میر محلگان اعزازی کے انتخاب کا طریقہ اور تقرر۔

۶ میر محلہ اعزازی کی جگہ کا خالی ہونا۔

۶ (الف) میر محلہ اعزازی کی جگہ خالی ہونے کی صورت میں کارروائی۔

۷ اشخاص جو ووٹ نہ دے سکیں گے۔

۸ ان اشخاص کا رجسٹر جو ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔

۹ میر محلگان اعزازی کے فرائض۔

*(Translation)*

10. Orphans to be admitted to Orphanage and supervision of their religion.

11. Action on report of Honorary Mir Mohalla.

12. Framing of rules.

13. Bar of suit against Honorary Mir Mohalla.

Schedule (A).

Schedule (B).

Schedule (C).

۱۰ یتیم بچوں کا یتیم خانہ میں داخل کرانا اور مذہب کی نگرانی ۔

۱۱ میر محلہ اعزازی کی رپورٹ پر کارروائی ۔

۱۲ قواعد کی ترتیب ۔

۱۳ میر محلہ اعزازی پر مقدمہ رجوع کرنے کی ممانعت ۔

ضمیمہ ( الف )

ضمیمہ ( ب )

ضمیمہ ( ج )

*(Translation)*

# THE HONORARY MIR MOHALLAS ACT.

No. VIII of 1319 F.

*(Received the assent of His Highness the Nizam on 2nd Shehrewar, 1319 Fasli).*

WHEREAS it is expedient to make a law relating to the appointment, duties and powers of Honorary Mir Mohallas; It is hereby enacted as follows :-

Short title, commencement & local extent.

1. (1) This Act may be called the Honorary Mir Mohallas Act and shall come into force from 1st Amardad 1319 F., within the municipal limits of the City of Hyderabad.

# قانون میر محلگان اعزازی

## نشان (۸) سنہ ۱۳۱۹ ف

(پیشگاہ اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲ شہریور سنہ ۱۳۱۹ ف منظور ہوا۔)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ میر محلگان اعزازی کے تقرر اور ان کے فرائض و اختیارات کے متعلق قانون نافذ کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون میر محلگان اعزازی" سے موسوم ہوسکے گا۔ اور یکم امرداد سنہ ۱۳۱۹ ف سے حدود صفائی بلدہ حیدرآباد میں نافذ ہوگا۔

٥ـ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۰ مہر سنہ ۱۳۱۹ ف میں شائع ہوا

(2) The Government in the Revenue Department may, by notification, enforce this Act in any other place within His Highness's Dominions.

(۲) سرکار عالی کو تصیغہ مالگزاری اختیار ہوگا کہ قانون ہذا کو کسی اور مقام موقوعہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں بذریعہ اشتہار نافذ فرمائیں ۔

Definition of Municipal Committee.

2. Muncipal Committee means the Municipal Committee or the Local Fund Board of the place where this Act is in force.

تعریف مجلس صفائی ۔

دفعہ ۲ ۔ مجلس صفائی سے اس مقام کی مجلس صفائی یا لوکل فنڈ بورڈ مراد ہے جس میں یہ قانون نافذ ہو ۔

Municipal limits to be divided into wards.

3. The Municipal Committee shall divide the local limits of its jurisdiction into wards, and the extent of each ward shall, as regards area and population, be such as to enable two Honorary Mir Mohallas to discharge their respective duties conveniently.

حدود صفائی کی حلقوں میں تقسیم ۔

دفعہ ۳ ۔ مجلس صفائی اپنی حدود اراضی کو حلقوں میں تقسیم کریگی اور ہر حلقہ کی وسعت بہ لحاظ رقبہ و آبادی ایسی ہوگی کہ دو میر محلگان اعزازی بہ آسانی کار متعلقہ انجام دے سکیں ۔

Honorary Mir Mohalla to be elected.

4. For every ward that may be constituted under section 3, two persons shall be elected in the manner hereinafter provided to be called 'Honorary Mir Mohallas'.

میر محلگان اعزازی منتخب کئے جائیں گے ۔

دفعہ ۴ ۔ ہر حلقہ کے لئے جو حسب دفعہ ۳ مقرر کیا جائے دو اشخاص بطریقہ مندرجہ مابعد منتخب کئے جائیں گے جو "میر محلگان اعزازی" کہلائیں گے ۔

Mode of election of Honorary Mir

5. Honorary Mir Mohallas shall, under the supervision of the Municipal Comittee, be elected for three years

میر محلگان اعزازی کے انتخاب کا طریقہ اور تقرر ۔

دفعہ ۵ ۔ میر محلگان اعزازی کا انتخاب تین سال کے لئے زیر اہتمام مجلس صفائی

*(Translation)*

Mohallas and their appointments

from amongst those residents of the ward whose names are entered in the register referred to in section 8:

Provided that their annual income is not less than six hundred rupees and they are not members of the Municipal Committee and are not employed in the Departments, the supervision whereof falls to the Honorary Mir Mohallas and they do not follow any menial profession.

The proceedings of the meeting convened for election shall be submitted to the Government through the Municipal Committee, and after approval of the Government the names of the persons elected shall be published in the Jarida. There shall be a fresh election after every three years in the manner herein before prescribed and the persons who had already been Mir Mohallas shall be eligible for re-election. The existing Honorary Mir Mohallas shall, until the appointment of other persons, continue to hold office.

Vacancy in the office of Honorary Mir Mohalla.

6. *[The office of an Honorary Mir Mohalla shall be deemed to be vacant in the following circumstances:-

* Amended by Act No. II of 1332 F.



منجملہ ایسے ساکنین حلقہ ہو سکے گا جن کا نام رجسٹر متذکرۂ دفعہ ۸ میں درج ہو بشرطیکہ ان کی سالانہ آمدنی (۶۰۰) سے کم نہ ہو اور وہ مجلس صفائی کے رکن نہ ہوں اور ایسے محکمہ جات میں ملازم نہ ہوں جن کی نگرانی میر محلگان اعزازی سے متعلق ہے اور کوئی رذیل پیشہ نہ کرتے ہوں۔

جلسۂ انتخاب کی روئداد مجلس صفائی کے ذریعہ سے سرکار عالی میں پیش کی جائے گی اور بعد منظوری [۵ۃ سرکار عالی] اشخاص منتخب شدہ کے نام جریدہ میں شائع کئے جائیں گے اور ہر تین سال کے بعد حسب طریقۂ مندرجہ بالا مجدداً انتخاب ہوگا۔ اور جو اشخاص پہلے میر محلہ اعزازی رہ چکے ہوں وہ دوبارہ منتخب ہو سکیں گے اور تاوقتیکہ دوسرے اشخاص کا تقرر نہ ہو موجودہ میر محلگان اعزازی اپنی خدمت پر قائم رہیں گے۔

میر محلہ اعزازی کی جگہ کا خالی ہونا۔ | دفعہ ۶ -

۵ۓ میر محلہ اعزازی کی جگہ مفصلہ ذیل صورتوں میں خالی متصور ہوگی:-

۵ۃ - ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۲۸ف

۵ۓ " " " " نشان ۲ سنہ ۱۳۳۲ف

(*Translation*)

(1) by the death or resignation of an Honorary Mir Mohalla;

(2) by being rendered ineligible for election to the office of Honorary Mir Mohalla;

(3) when the Government is, on being moved by the Municipal Committee, of the opinion that any Honorary Mir Mohalla does nor properly discharge his functions or has been guilty of misconduct in the discharge of his duties.

Pocedure in case of vacancy in office of Honorary Mir Mohalla.

6-A. On the occurrence of a vacancy under section 6, a re-election to fill that vacancy for the unexpired period shall be held in accordance with section 5.]

Persons who cannot vote.

7. The election referred to in section 5 shall be conducted by votes unanimous or by majority; but the following persons shall not vote :-

(۱) میر محلہ اعزازی کے فوت یا مستعفی ہونے سے۔

(۲) میر محلہ اعزازی کی خدمت پر منتخب ہونے کی حیثیت زائل ہونے سے۔

(۳) جب مجلس صفائی کی تحریک پر سرکار عالی کی یہ رائے ہو کہ کوئی میر محلہ اعزازی اپنا کام بطور مناسب انجام نہیں دیتا یا اپنے فرائض کی انجام دہی میں بد اعمالی کا مرتکب ہوا ہے۔

میر محلہ اعزازی کی جگہ خالی ہونے کی صورت میں کارروائی۔

[دفعہ ۶ (الف) جب حسب دفعہ ۵ کسی میر محلہ اعزازی کی جگہ خالی ہو جائے تو بقیہ مدت سہ سالہ کے لئے میر محلہ اعزازی کا مکرر انتخاب حسب دفعہ ۵ عمل میں آئے گا۔]

اشخاص جو ووٹ نہ دے سکیں گے۔

دفعہ ۷۔ انتخاب متذکرۂ دفعہ ۵ بذریعہ ووٹ بالاتفاق یا بلغلبہ آراء ہوگا۔ لیکن مفصلہ ذیل اشخاص ووٹ نہ دے سکیں گے:۔

---

۵۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۲ سنہ ۱۳۳۲ ف

*(Translation)*

(1) owners or occupiers of houses or lands whose annual income is less than one hundred rupees;

(۱) ایسے مالکان یا قابضان مکانات یا اراضی جن کا سالانہ محاصل ایک سو روپیہ سے کم ہو۔

(2) those who are not competent to contract under the Hyderabad Contract Act;

(۲) جو ازروئے قانون معاہدہ سرکار عالی معاہدہ کرنے کی قابلیت نہ رکھتے ہوں۔

(3) those who are suffering from any infectious disease;

(۳) جو کسی مرض متعدی میں مبتلا ہوں۔

(4) women; and

(۴) عورات اور

(5) person who has been convicted by a Criminal Court for an offence that depicts his character to be bad.

(۵) جو عدالت فوجداری سے ایسے جرم میں سزا پاچکا ہو جس سے اس کا رویہ برا ثابت ہوتا ہو۔

Register of persons qualified to vote.

8. There shall be maintained in the Municipal Office a register for each ward wherein shall be entered the names of all persons that are qualified to vote. The register shall be revised at the commencement of every third year whereupon the previous register shall be cancelled.

اُن اشخاص کا رجسٹر جو ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔

دفعہ ۸ - محکمہ صفائی میں ہر حلقہ کے متعلق ایک رجسٹر مرتب کیا جائے گا جس میں اُن کل اشخاص کے نام درج ہوں گے جو ووٹ دینے کے مجاز ہیں اور تیسرے سال کے شروع میں رجسٹر پر نظر ثانی کی جائے گی جس کے بعد پہلا رجسٹر منسوخ ہو جائے گا

9. The Honorary Mir Mohalla of

میر محلگان اعزازی کے فرائض۔

دفعہ ۹ - ہر حلقہ کے میر محلہ اعزازی پر لازم ہوگا کہ رجسٹرات

(*Translation*)

Duties of Honorary Mir Mohallas

each ward shall maintain registers in the forms specified in schedules A, B & C. He shall exercise supervision over the following matters and shall, when necessary submit detailed reports thereon, as also any proposal that he may think necessary, to the Department concerned :—

حسب نمونہ ضمیمہ (الف) و (ب) و (ج) مرتب رکھے اور امور ذیل کی نگرانی اور بصورت ضرورت ان کے متعلق مفصل رپورٹ محکمہ جات متعلقہ میں پیش کرے۔ اور اگر کسی تحریک کی ضرورت سمجھے تو وہ بھی پیش کرے:-

(1) Conservancy of the ward;

(۱) حلقہ کی صفائی۔

(2) Repairs of public raods or lanes within the ward;

(۲) شارع عام یا کوچہ ہائے حلقہ کی درستی۔

(3) To apply to Government officials for help in case of any accident;

(۳) اگر کوئی حادثہ ارضی یا سماوی واقع ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے عہدہ داران سرکاری سے مدد کی درخواست۔

(4) To draw the attention of the Police in rega rd to the burial of any unclaimed corpse in accordance with the religious belief of the deceased;

(۴) اموات لاوارث کی صورت میں متوفی کے مذہبی اعتقاد کے موافق تجہیز و تکفین میں کوتوالی کو متوجہ کرنا۔

(5) To co-operate with the Police in preparing list of the property of any person who may die without leaving heirs and to sign the list when prepared;

(۵) اگر کوئی شخص لاوارث فوت ہو جائے تو اس کی جائداد کی فہرست کی ترتیب میں کوتوالی کے ساتھ شریک رہنا اور جو فہرست مرتب ہو اُس پر دستخط کرنا۔

*(Translation)*

(6) To caution the residents of his ward about the sanitary measures to be taken in case of outbreak of an epidemic and to help the medical and sanitary officers in the discharge of their functions;

(7) The improvement and repairs of places of worship and in the case of such places of worship as are endowed with any Maash, to see whether the Mutawalli or the manager thereof discharges his duties properly and does not spend the Maash improperly;

(8) To induce and persuade the residents of the ward to discharge their religious duties;

(9) The condition of the schools and the nature of instruction imparted therein ;

(10) To try and improve the education of the residents of the ward and induce them to educate their children ;

(11) To persuade the residents of the ward to get their children vaccinated and to help the vaccinator in the discharge of his duties ;



(۶) بصورت شیوع وبا اپنے حلقہ کے ساکنین کو تدابیر حفظ صحت سے آگاہ کرنا اور افسران طبی و حفظان صحت کو اُن کے فرائض منصبی کے ادائیں مدد دینا۔

(۷) معابد کی درستی اور مرمت اور اُن میں جو با معاش ہوں اُن کے متعلق اس امر کی نگرانی کرنا کہ آیا متولی یا مہتمم اپنا فرض منصبی ادا کرتا ہے اور معاش بیجا طور پر صرف نہیں کرتا۔

(۸) فرائض مذہبی کے بجالانے کے لئے ساکنین حلقہ کو تحریص و ترغیب۔

(۹) مکاتب و مدارس کی حالت اور نوعیت تعلیم۔

(۱۰) اپنے حلقہ کے ساکنین کی تعلیم میں کوشش کرنا اور ان کو تعلیم اطفال کے لئے ترغیب دینا۔

(۱۱) ساکنین حلقہ کو اپنے بچوں کے ٹیکہ لگانے پر آمادہ کرنا اور ٹیکہ چیچک برار کو

اپنے فرائض کی انجام دہی میں مدد دینا۔

(12) The education and condition of the ward;

(۱۲) وارڈ کی تعلیم اور حالت۔

(13) To assist in the improvement of arts and crafts followed within the ward and to assist the artisans and craftsmen and their children;

(۱۳) کسی حرفہ یا پیشہ کی جو اس حلقہ میں ہوتا ہو اور اہل حرفہ یا پیشہ وروں اور ان کے اطفال کی ترقی میں امداد۔

(14) To make arrangement for irrigation, water-supply and for lighting of public street;

(۱۴) آبپاشی و آب نوشیدنی و روشنی گزرگاہ کا انتظام۔

(15) Complaints against the Police administration and in case of any riot, to render assistance at the request of the Police;

(۱۵) شکایات متعلقہ انتظام کوتوالی اور بصورت کسی بلوہ کے کوتوالی کی خواہش پر اس کے انسداد میں مدد دینا

(16) To try and bring about a compromise in cases where there may be a conflict between two factions in a ward likely to cause a breach of the peace, and if necessary, to giveinformation to the Police for maintaining peace;

(۱۶) اگر کسی حلقہ میں دو گروہ میں آپس میں اختلاف ہو اور اس سے اندیشہ فساد ہو تو ان میں آپس میں صلح کرانے کی کوشش کرنا۔ اور اگر ضرورت ہو تو کوتوالی کو بغرض انتظام حفظ امن اطلاع دینا۔

(17) To take steps to prevent a breach of the peace in case of any act, being done in any ward likely to

(۱۷) اگر کسی حلقہ میں کوئی ایسا فعل وقوع میں آئے جس سے نقض امن

(*Translation*)

to cause such breach and if necessary, to give information thereof to the Police ;

کا احتمال ہو تو اس کے انسداد کی کوشش کرنا اور بصورت ضرورت کوتوالی کو اس کی اطلاع دینا۔

(18) Unani, Egyptian and Allopathic dispensaries and shops where medicines are sold.

(۱۸) مطب یونانی و مصری و ڈاکٹری و دکانات دوا فروشی۔

**Orphans to be admitted to Orphanage and supervision of their religion.**

10. Every Honorary Mir Mohalla shall get admitted to the Government Orphanage, orphans living in his ward who are without a guardian, and shall supervise as to the observance of their ancestral religion.

**یتیم بچوں کا یتیم خانہ میں داخل کرانا اور مذہب کی نگرانی۔**

دفعہ ۱۰۔ ہر میر محلہ اعزازی پر لازم ہوگا کہ اپنے حلقہ کے یتیم بچوں کو جن کا کوئی ولی نہ ہو یتیم خانہ سرکاری میں داخل کرائے اور ان کے آبائی مذہب کی نگرانی رکھے۔

**Action on report of Honorary Mir Mohalla.**

11. When the report of an Honorary Mir Mohalla is submitted to any Department, the Head of that Department shall, if he considers any matter to be amenable to improvement, take such action thereon as he deems proper. The Honorary Mir Mohalla shall be informed of the decision taken on his report.

**میر محلہ اعزازی کی رپورٹ پر کارروائی۔**

دفعہ ۱۱۔ جس محکمہ میں میر محلہ اعزازی کی رپورٹ پیش ہو اس محکمہ کے افسر اعلیٰ کو اگر کوئی امر قابل اصلاح معلوم ہو تو وہ اس کے متعلق حسب مناسبت کارروائی کرے گا اور رپورٹ کے متعلق جو فیصلہ ہو اس کی اطلاع میر محلہ کو دی جائے گی۔

12. (1) *[The Government] may

دفعہ ۱۲۔ **قواعد کی ترتیب۔**

* Amended by Act No. III of 1308.

( *Translation* )

Framing of rules.

when necessary, make rules for the purposes of this Act after they have been published in the Jareeda.

(۱) [سرکار عالی]۵ کو اختیار رہوگا کہ قانون ہذا کی اغراض کے لئے حسب ضرورت قواعد بعد اشاعت جریدہ نافذ فرمائیں۔

(2) The rules referred to in sub-section (1) may, among, other matters, relate to the following :-

(۲) قواعد مندرجہ ضمن (۱) منجملہ اور امور کے حسب ذیل امور کے متعلق ہو سکتے ہیں:-

(a) The executive work of the Honorary Mir Mohallas ;

(الف) میر محلگان کے انتظامی کام کے متعلق۔

(b) The expenses of preparing and printing registers to be kept by Honorary Mir Mohallas ;

(ب) اخراجات تیاری و طبع رجسٹر متعلقہ میر محلگان کے متعلق۔

(c) The manner of tendering and counting votes ;

(ج) ووٹ دینے اور شمار کرنے کے طریقہ کے متعلق۔

(d) The date, time, place and manner of election ;

(د) انتخاب کی تاریخ و وقت و مقام و طریقہ کے متعلق۔

(e) The contingency expenses of the Mir Mohallas ;

(ہ) میر محلگان کے اخراجات صادر

---

۵ - ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

(*Translation*)

(f) Any other matter relating to the duties and powers of Mir Mohallas.

**Bar of suit against Honorary Mir Mohalla.**

13. The report of an Honorary Mir Mohalla shall be treated as confidential. No proceedings either Civil or Criminal shall be instituted in respect of anything which has been reported in good faith.



(و) کسی اور امر کے متعلق جو میر محلگان فرائض و اختیارات سے متعلق ہو۔

میر محلہ اعزازی پر مقدمہ رجوع کرنے کی ممانعت۔

دفعہ ۱۳ — میر محلہ کی رپورٹ راز سمجھی جائے گی اور کسی امر کی بابت جو اس رپورٹ میں نیک نیتی سے درج کیا گیا ہو کوئی مقدمہ دیوانی یا فوجداری رجوع نہ ہو سکے گا۔

( *Translation* )

## Schedule A.

( See Section 9. )

| S. No. of House. | No. with boundaries of house. | Names of residents of house. | | | | | | Remarks. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Serial No. | Name. | Father's name. | Nationality. | Profession. | Age. | |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| | | | | | | | | |



## ضمیمہ (الف)

ملاحظہ ہو دفعہ ۹

| نشان نمبر مکان | نمبر معہ حدود مکان | نام ساکنین مکان | | | | | | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | نشان نمبر | نام | ولدیت | قومیت | پیشہ | عمر | |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| | | | | | | | | |

(*Translation*)

## Schedule B.
(See Section 9.)

| No. | Column | Group |
|---|---|---|
| 1 | Serial Number. | |
| 2 | Name of institution. | |
| 3 | Number and boundaries of the place of instruction. | |
| 4 | Name of teacher or teachers. | |
| 5 | Number of boys receiving education. | |
| 6 | Up to 5 years. | Age of boys receiving education. |
| 7 | Up to 11 years. | |
| 8 | Above 11 years. | |
| 9 | Syed. | Nationality. |
| 10 | Shaikh. | |
| 11 | Moghal. | |
| 12 | Pathan. | |
| 13 | Brahman. | |
| 14 | Rajput. | |
| 15 | Telanga. | |
| 16 | Maharatta. | |
| 17 | Other Nationalities. | |
| 18 | Literary Profession. | Profession of Boys. |
| 19 | Military Profession. | |
| 20 | Ordinary Govt. Service. | |
| 21 | Ordinary Private Service. | |
| 22 | Blacksmith. | |
| 23 | Carpenter. | |
| 24 | Painter. | |
| 25 | Trade. | |
| 26 | Other Professions. | |
| 27 | Whether the teacher teaches gratis or accepts fees and if so, average fees realized per month. | |
| 28 | Names of books taught. | |
| 29 | REMARKS. | |

*( Translation )*

## Schedule C.

( See Section 9. )

| Serial Number. | Name and description of place of worship. | No. and boundaries of place of worship. | Name of Mutwalli or Manager. | Description of building of the place of worship. | Particulars of the Maash attached to the place of worship. | Particulars of expenditure of the place of worship. | Particulars of general management of the place of worship. | Remarks. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| | | | | | | | | |

## ضمیمہ (ج)

ملاحظہ ہو دفعہ ۹

| نمبر شمار | نام و کیفیت معبد | تعداد و حدود معبد | نام متولی یا منتظم | کیفیت عمارت معبد | تفصیل معاش متعلقہ معبد | کیفیت مصارف معبد | کیفیت انتظام عام معبد | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| | | | | | | | | |